## عوام وکارکنان سینئرصحافی وکالم نگارسلیم شہزاد کی صحت کیلئے دعا کریں،الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔6،اگست2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ کے نتیجے میں معروف سینئرصحافی وکالم نگارسلیم شہزاد کے زخمی ہونے پر گہری تشویش اوردلی ہمدردی کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست عوام ماؤں،بہنوں،بزرگوں اورکارکنان سے اپیل کی ہے کہ وہ سینئرصحافی سلیم شہزاد کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## ٹنڈوالہیارزون یونٹA-4کے انچارج انورقائمخانی کے بھائی محمداکرم قائمخانی کے قتل کا نوٹس لیا جائے،رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔6،اگست2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے اعظم قائمخانی نامی جرائم پیشہ منشیات فروش شخص کی جانب سے ٹنڈوالہیارزون یونٹA-4کے یونٹ انچارج انورقائمخانی کے بڑے بھائی محمداکرم قائمخانی کوفائرنگ کرکے قتل کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اعظم قائمخانی نامی جرائم پیشہ شخص کومقامی پولیس کی مکمل سرپرستی حاصل ہے جواس سے قبل بھی ایم کیوایم کے زونل آفس پر فائرنگ کرچکا ہے۔رابطہ کمیٹی نے انورقائمخانی سمیت مقتول کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اوردعا کی کہ اللہ تعالیٰ محمداکرم قائمخانی کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل عطا کرے۔(آمین)۔رابطہ کمیٹی نے وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اورصوبائی وزیرداخلہ ڈاکٹر ذوالفقارمرزا سے مطالبہ کیا کہ محمداکرم کے قتل کا نوٹس لیا جائے اورقتل کی واردات میں ملوث اعظم قائمخانی نامی جرائم پیشہ شخص کوفی الفورگرفتارکرکے قانون کے مطابق سزادی جائے۔

## الطاف قاضی کولیاری گینگ واردہشت گردوں نے اغواء کرکے بے دردی سے قتل کردیا

## الطاف قاضی کے قتل میں ملوث لیاری گینگ وارکے دہشت گردوں کوگرفتارکرکے عبرتناک سزادی جائے،رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔6،اگست2010ء

متحدہ قومی موومنٹ آگرہ تاج کالونی سیکٹریوسی 1 کے کارکن سہیل قاضی کے بھائی اورمقامی اخبار کے رپورٹرالطاف قاضی کولیاری گینگ وار کے جرائم پیشہ دہشت گردوں نے اغواء کے بعد گولی مار کرقتل کردیا۔تفصیلات کے مطابق الطاف قاضی گزشتہ رات اپنی رہائشگاہ واقع گلی نمبر5 تاج مسجدروڈغوثیہ اپارٹمنٹ آگرہ تاج کالونی کے باہرکھڑے تھے کہ لیاری گینگ وارکے دہشت گردوں نے اغواء کرلیا اورنامعلوم مقام پر لیجا کر بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنانے کے بعد بے دردی سے قتل کردیا،الطاف قاضی کی لاش صبح 6 بجے لی مارکیٹ سے ملی۔الطاف قاضی کی عمر42 سال تھی اوران کے پسماندگان میں بیوہ،دوبیٹیاں شامل ہیں۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم آگرہ تاج کالونی سیکٹر کے کارکن سہیل قاضی کے بڑے بھائی الطاف قاضی کی لیاری گینگ وارکے دہشت گردوں کے ہاتھوں اغواء کے بعد قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ لینڈ وڈرگ مافیا اوران کے سرپرست جرائم پیشہ عناصرایک منظم سازش کے تحت مسلسل ایم کیوایم کے کارکنان،ان کے اہلخانہ اور ہمدردوں کودہشت گردی اورٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنارہے ہیں،الطاف قاضی کا اغواء کے بعد بہیمانہ قتل بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے الطاف قاضی کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اوردعا کی کہ اللہ تعالیٰ الطاف قاضی کواپنی جواررحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران صبرجمیل عطا کرے۔رابطہ کمیٹی نے صدرمملکت آصف علی زرداری،وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی،وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا ہے کہ لیاری گینگ وارکے دہشت گردوں کے ہاتھوں الطاف قاضی کے بہیمانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے اورقتل میں ملوث ملزمان کوگرفتارکرکے عبرتناک سزادی جائے۔

## لیاری سیکٹر کے کارکن محمدشکیل کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔6،اگست2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم لیاری سیکٹر کے کارکن محمدشکیل کے انتقال پر دلی رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین اورکہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ محمدشکیل مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگوارلواحقین کوصبرجمیل عطا کرے۔(آمین)

## قومی کرکٹ ٹیم میں کراچی کے باصلاحیت کھلاڑیوں کوشامل نہ کرنا کھلا تعصب ہے، کنور خالد یونس
## کراچی کے باصلاحیت کھلاڑیوں کونظرانداز کرنا اور تعصب کی بنیاد پر قومی کرکٹ ٹیم کی تشکیل دینا انتہائی افسوسناک ہے
## قومی کرکٹ ٹیم میں کھلاڑیوں کی شمولیت کیلئے اقرباء پروری کے بجائے میرٹ کومعیار بنایا جائے
## صدر اور وزیراعظم کراچی کے باصلاحیت کھلاڑیوں کو ٹیم میں شامل نہ کرنے کا فوری نوٹس لیں

کراچی۔۔۔6، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن کنور خالد یونس نے کراچی سے تعلق رکھنے والے کھلاڑیوں کو پاکستان کی قومی کرکٹ ٹیم میں شامل نہ کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوراس عمل کو کراچی کے کھلاڑیوں کے ساتھ کھلی زیادتی اور تعصب قرار دیا ہے۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ماضی میں کراچی کے باصلاحیت کھلاڑیوں کو تعصب کی بھینٹ چڑھا کر نظرانداز کیا جاتا رہا ہے اور اقرباء پروری کا مظاہرہ کر کے غیر معیاری اور ناقص کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے من پسند کھلاڑیوں کو قومی ٹیم میں شامل کیا جاتا رہا ہے جس کا نتیجہ آج ملک بھر کے عوام کے سامنے ہے۔کنور خالد یونس نے کہا کہ قومی کرکٹ ٹیم کے متعصب کرتادھرتاؤں کی جانب سے ایک مرتبہ پھر ڈومیسٹک کرکٹ میں عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کراچی کے باصلاحیت کھلاڑیوں کو تعصب کا نشانہ بنایا گیا اور انہیں قومی کرکٹ ٹیم میں شامل نہیں کیا گیا ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کے باصلاحیت کھلاڑیوں کو نظرانداز کرنا اور تعصب کی بنیاد پر قومی کرکٹ ٹیم کی تشکیل دینا انتہائی افسوسناک ہے اور جو عناصر میرٹ کے قتل میں ملوث ہیں ملک وقوم سے ہرگز مخلص نہیں ہوسکتے۔انہوں نے کہا کہ یہ میرٹ کے بجائے پسند ناپسند کی بنیاد پر کئے گئے فیصلوں کا ہی نتیجہ ہے کہ پاکستانی کرکٹ ٹیم مسلسل شکست سے دوچار ہورہی ہے اور اگر قومی ٹیم میں صلاحیت اور میرٹ کو نظرانداز کرنے کا سلسلہ اسی طرح جاری رہا تو دنیائے کرکٹ میں پاکستان کی رہی سہی ساکھ بھی ختم ہوجائے گی۔وقت کا تقاضا ہے کہ ماضی کی متعصّبانہ پالیسیوں اور قومی کرکٹ ٹیم میں کراچی کے باصلاحیت کھلاڑیوں کو نظرانداز کرنے کا سلسلہ بند کیا جائے اور قومی کرکٹ ٹیم میں کھلاڑیوں کی شمولیت کیلئے اقرباء پروری کے بجائے میرٹ کو معیار بنایا جائے۔کنور خالد یونس نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی اور قومی کرکٹ ٹیم کے چیف سلیکٹر محسن خان سے مطالبہ کیا کہ قومی کرکٹ ٹیم کی تشکیل میں میرٹ کو نظرانداز کرنے اور کراچی کے باصلاحیت کھلاڑیوں کو شامل نہ کرنے کا فوری نوٹس لیا جائے اور قومی کرکٹ ٹیم میں کراچی کے کھلاڑیوں کو شامل کیا جائے۔

## نامور ادیب الطاف شیخ کی نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے رکن کنور خالد یونس سے ملاقات
## الطاف شیخ نے جناح گراؤنڈ عزیز آباد جاکر یادگار شہدائے حق پر ست حاضری دی اور فاتحہ خوانی کی

کراچی۔۔۔4، اگست 2010ء

نامور ادیب الطاف شیخ نے گزشتہ روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے رکن کنور خالد یونس سے ملاقات کی اور انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کیلئے اپنی نئی تحریر کردہ کتاب (ایران کے دن) پیش کی۔اس موقع پر متحدہ سوشل فورم کے انچارج لونگ خان چنہ، جوائنٹ انچارجز غازی صلاح الدین، احمد سلیم صدیقی، اراکین یوسف منیر شیخ، ڈاکٹر نذیر احمد پہنور بھی موجود تھے۔ملاقات میں الطاف شیخ نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کو ملک بھر کے عوام کیلئے راہ نجات قرار دیا اور جناب الطاف حسین کیلئے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔بعدازاں انہوں نے جناح گراؤنڈ عزیز آباد جاکر ایم کیوایم کے شہید کارکنان کی یادگار میں تعمیر کی گئی ''یادگارِ شہدائے حق'' پر حاضری دی اور شہداء کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی۔

## جسقم کا رضا حیدر کی شہادت پر رابطہ کمیٹی سے اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔6، اگست 2010ء

جئے سندھ قومی محاذ جسقم ''آرسیر گروپ'' کے مرکزی جنرل سیکریٹری سرمد میرانی، مرکزی کلچرل سیکریٹری مشتاق مگسی، کراچی ڈویژنل کوآرڈی نیٹر غلام رضا هلیو، ملیر کے ضلعی صدر اشرف بہلم، رشید کھوسو اور ولی جان رند نے گذشتہ روز متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور نوید جمیل، اشفاق منگی اور شاکر علی سے ملاقات کی اور حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر کی شہادت پر دلی تعزیت وافسوس کا اظہار کیا۔وفد نے رضا حیدر شہید اور ان کے محافظ خالد خان کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے (آمین)۔اس موقع پر متحدہ سوشل فورم کے انچارج لونگ خان چنہ، جوائنٹ انچارج غازی صلاح الدین وارکین اور آئی ایس ٹی سی کے ارکان بھی موجود تھے۔

## فضائی حادثے میں جاں بحق موناڈوملی،محل جی ڈوملی،عامر ڈوملی اورافشین ڈوملی کی میتیں کراچی پہنچ گئی
## حق پرست نمائندوں نے ایئرپورٹ انتظامیہ سے وصول کرکے سوگوار کے سپرد کیں

کراچی۔۔۔6،اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی وسیم احمد اور نشاط محمد ضیا، متحدہ سوشل فورم کے جوائنٹ انچارج غازی صلاح الدین وارکان یوسف منیر شیخ اور رشید جمال کے ہمراہ نجی ایئرلائن کے المناک فضائی سانحہ میں ہلاک ہونے والی یف آئی اے کے ڈائریکٹر رحمت اللہ ڈوملی فیملی اہلیہ محترمہ موناڈوملی، بچے محل جی ڈوملی، عامر ڈوملی اورافشین ڈوملی کی تدفین میں شرکت کی اور قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مرحومین کی مغفرت اوران کے درجات کی بلندی اور سوگواران کے صبر جمیل کیلئے دعا کی۔اس سے قبل انہوں نے کراچی ائیرپورٹ سے محترمہ موناڈوملی، معل جی ڈوملی، عامر ڈوملی اورافشین ڈوملی کے میتیں وصول کیں اورلواحقین کے سپرد کیں۔بعدازاں ائیرپورٹ پرمرحومین کی نماز جنازہ ادا کی گئی اورانہیں ملیر کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیااس موقع پرانتہائی رقت آمیز مناظر دیکھنے میں آئے ،مرحومین کے اہلخانہ شدید غم سے نڈھال تھے اور پھوٹ پھوٹ کررو رہے تھے جنہیں موقع پر موجود ایم کیوایم کے نمائندوں اورذمہ داران نے دلاسہ دیا۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔6،اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیاری سیکٹر یونٹ 29 کے کارکن محمد شکیل،ایم کیوایم ملیرسیکٹر یونٹ 102 کے کارکن عقیل احمد کے والد نثاراحمد،ایم کیوایم میرپورخاص زونل کمیٹی کے رکن اعجاز احمد عباسی کے والد نیاز احمد اور ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ یوسی 13 کے رکن عارف شاہ کی والدہ کے انتقال پر دلی رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## حق پرست صوبائی وزیر زبیراحمد،رکن سندھ اسمبلی اکرم عادل اور وزیر اعلیٰ سندھ کے خصوصی معاون
## غلام حیدر راہو کا سندھ میں سیلابی ریلے کے سلسلے میں قائم کیمپس کا دورہ،متاثرین سے ملاقاتیں

جامشورو۔۔۔6/اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست صوبائی وزیر زبیر احمد،مشیر غلام حیدر راہواور رکن سندھ اسمبلی اکرم عادل نے سندھ میں سیلابی ریلے کے سلسلے میں قائم کیمپس اور متاثر علاقوں کا دورہ کیا اورلوگوں سے ملاقات کرکے انہیں درپیش مسائل ومشکلات کے مکمل معلومات حاصل کیں۔اس موقع پر جامشورو، دادو اور نوابشاہ کے زون کے ارکان، سیکٹرز و یونٹس کمیٹیوں کے ذمہ داران سمیت سابقہ بلدیات کے حق پرست نمائندے اورڈسٹرکٹ انتظامیہ کے اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔اس موقع پر متاثرین نے حق پرست نمائندوں اور ایم کیوایم کے ذمہ داران کو اپنے مسائل سے تفصیل سے آگاہ کیا۔حق پرست نمائندوں نے عوام کی گذارشات کو سنا اورانہیں ایم کیوایم کی جانب سے ہرممکن تعاون کی یقین دہانی کرتے ہوئے کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت سب سے بڑی عبادت ہے، ایم کیوایم انسانیت کی بے لوث خدمت اپنا فریضہ سمجھ کر ادا کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین کی تعلیمات کے مطابق حق پرست نمائندے عوام کی بلا امتیاز رنگ ونسل زبان عملی خدمت کررہے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے خصوصی ہدایت دیکر ہمیں یہاں بھیجا ہے تاکہ ہم سیلاب اور بارشوں سے متاثرہ عوام کی خدمت کرسکیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم سیلاب زدگان کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑے گی اوران کی مدد کیلئے ہرممکن کردار ادا کرے گی۔حق پرست نمائندوں نے سیلابی ریلے کے سلسلے میں قائم ریلیف کیمپس کا دورہ بھی کیا اورانتظامات کا جائزہ لیا۔انہوں نے حکومت سندھ کے محکموں آبپاشی،صحت، پولیس، اریگیشن کے اہلکاروں سے کہا کہ وہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے اورعوام کے جان ومال کے تحفظ کیلئے ہمہ وقت تیار رہیں۔انہوں نے حفاظتی بندوں کی نگرانی پر مامور ڈسٹرکٹ انتظامیہ سے بھی کہا کہ وہ عوام سے مکمل تعاون کرے اوران سے رابطے میں رہیں۔

☆☆☆☆☆